نسلی مساوات کی ترویج کے لیے
موجودہ اور تجویز کردہ اقدامات

ڈویلپمنٹ بیورو (ورکس برانچ)

ڈویلپمنٹ بیورو (ورکس برانچ) (ڈی ای وی بی) (ڈبلیو بی)) عامۃ الناس کے تمام ارکان، بشمول مختلف النسل افراد کو سرگرم رکھنے کو بہت اہمیت دیتا ہے تاکہ وہ حکومتی معلومات تک رسائی پا سکیں اور بیورو کی فراہم کردہ خدمات کو حاصل کر سکیں۔ مختلف النسل افراد کے لیے نسلی مساوات کی ترویج اور کمیونٹی سروسز تک مساوی رسائی کے اقدامات اپنی جگہ پر موجود ہیں۔

A. پبلک انکوائری سروس

متعلقہ خدمات ●	عامۃ الناس ٹیلیفون انکوائری، ای میل اور معلومات تک رسائی کے کوڈ کے تحت کی گئی درخواست کے ذریعے ڈی ای وی بی (ڈبلیو بی) سے متعلق معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس امر کو یقینی بنانے کے لیے عامۃ الناس نسلی پس منظر سے قطع نظر ہو کر پبلک انکوائری سروس تک باآسانی رسائی پائیں، اس سروس کی فراہمی میں لسانی رکاوٹ پر قابو پانے کے لیے اقدامات لیے گئے ہیں۔
موجودہ اقدامات ●	ترجمانی سروس کا انتظام کیا جائے گا جہاں ضروری اور موزوں تصور کیا گیا۔
مستقبل کے کام کا جائزہ ●	ترجمانی سروس کی موثریت پر عامۃ الناس، بشمول مختلف النسل افراد کا فیڈبیک جمع کیا جائے گا تاکہ اس کا جائزہ لیا جائے اور بہتری لائی جائے۔

B. مقام کا بندوبست

i. <u>کیٹل ڈپو آرٹسٹ ویلج کے لیے</u>

متعلقہ خدمات ●	کیٹل ڈپو آرٹسٹ ویلج (دی ویلج) کا عامۃ الناس کے لیے کھولا جانا تاکہ وہ تاریخی مقام سے لطف اندوز ہوں اور سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے۔
موجودہ اقدامات ●	یہ ویلج عامۃ الناس کے لیے تمام ارکان کے لیے کھلا ہے اور اس مقام کو لیز پر لینے کی درخواست نسلی پس منظر سے قطع نظر تمام آرٹ گروپس کرنے کے مجاز ہیں۔ چینی اور انگریزی کے اندر

دو زبانوں میں نوٹسز اس ویلج میں دستیاب ہیں۔

● مستقبل کے کام کا جائزہ	ہماری خدمات سے متعلق عامۃ الناس، بشمول مختلف النسل افراد کے فیڈبیک کا جائزہ لیا جائے گا تاکہ ان میں بہتری لائی جائے جہاں ضروری ہو۔

ii. <u>نوادارات اور یادگاروں کے دفاتر کے مقامات (اے ایم او) کے لیے</u>

● متعلقہ خدمات	عامۃ الناس کے لیے اے ایم او کے مقامات کا کھولا جانا تاکہ تاریخی مقامات سے لطف اندوز ہو سکیں۔
● موجودہ اقدامات	اے ایم او کے مقامات نسلی پس منظر سے قطع نظر عامۃ الناس کے تمام ارکان کے لیے کھلے ہیں۔ چینی اور انگریزی دونوں زبانوں میں نوٹسز تمام مقامات پر دستیاب ہیں۔
● مستقبل کے کام کا جائزہ	ہماری خدمات سے متعلق عامۃ الناس، بشمول مختلف النسل افراد کے فیڈبیک کا جائزہ لیا جائے گا تاکہ بہتریاں لائی جائیں جہاں کہیں ضروری سمجھا جائے۔

iii. <u>اینرجائزنگ کوولون ایسٹ آفس (ای کے ای او)</u>

● متعلقہ خدمات	ای کیو ای او کی طرف اداروں اور عامۃ الناس کے ارکان کے لیے باقاعدگی سے دوروں کا انعقاد کیا جاتا ہے تاکہ انہیں بریفنگز میں یہ باور کروایا جائے کہ کس طرح کوولون ایسٹ دوسرا مرکزی کاروباری ضلع بنا ہے اور کوولون ایسٹ میں کیا سمارٹ سٹی اقدامات لیے گئے ہیں۔
● موجودہ اقدامات	کسی بھی دلچسپی رکھنے والے اداروں اور عامۃ الناس کے اراکین کو ان کے نسلی پس منظر سے قطع نظر خوش آمدید کہا جاتا ہے کہ وہ رہنمائی شدہ دوروں کے لیے اندراج کروائیں۔
●	رہنمائی شدہ دوروں کا انعقاد دو رسمی زبانوں یعنی کہ چینی اور/یا انگریزی میں کیا جاتا ہے جس طرح کہ وہ وزیٹرز کو موزوں لگنے کے لیے مناسب ہوں۔
●	وزیٹرز میں تقسیم کرنے کے لیے لیفلیٹس، کتابچے اور پمفلٹس چینی اور انگریزی دونوں زبانوں میں دستیاب ہیں۔ ای کیو ای او پرمعلوماتی پینلز بھی چینی اور انگریزی دونوں میں ہیں۔

● مستقبل کے کام کا جائزہ	موجودہ اقدامات جاری رہیں گے اور ان کا جائزہ لیا جائے گا جیسا کہ ضروری سمجھا گیا۔

iv. <u>فلائی دی فلائی اوور آپریشن زیر نگرانی ای کے ای او</u>

● متعلقہ خدمات	عامۃ الناس کو کوون ٹونگ بائی پاس کے اندر موجود تین جگہوں پر تخلیقی، فنی و ثقافتی، اور متعلقہ استعمالات کے لیے مقامات فراہم کرنا مقصود ہے-31 مئی 2025 سے آغاز کے ساتھ، ان مقامات کا انتظام اور انصرام ایک نجی تنظیم (ایکشن ڈریگن لمیٹڈ) کے پاس ہے **جو کہ لینڈز ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے دی گئی قلیل مدتی لیز کے تحت کام کر رہی ہے۔**
● موجودہ اقدامات	ان تین مقامات کا استعمال تمام اداروں اور افراد کے لیے درخواستیں دینے کے حوالے سے کھلا ہے چاہے ان کا کوئی بھی نسلی پس منظر ہو۔ وہ مذکورہ بالا استعمالات کے لیے سہولت گاہوں کو تقاریب اور سرگرمیوں کے انعقاد کے لیے بُک کر سکتے ہیں۔ انفرادی کاوش اورکمیونٹی میں سماجی شمولیت کی ترویج کے لیے، عامۃ الناس بشمول محروم گروہ اور مختلف النسل افراد کے افراد کو خوش آمدید کہا جاتا ہے کہ وہ ایکشن ڈریگن لمیٹڈ اور/یا دیگر اداروں کے پروگراموں میں شرکت کریں۔
● مستقبل کے کام کا جائزہ	موجودہ اقدامات جاری رہیں گے اور ان کا جائزہ لیا جائے گا جب ضروری سمجھا گیا۔

C. تربیت برائے عملہ

● متعلقہ خدمات	نسلی حساسیت تفہیم اور نسلی امتیازی آرڈیننس کے حوالے سے فرنٹ لائن عملے کی آگہی میں اضافہ کرنا۔
● موجودہ اقدامات	ڈی ای وی بی (ڈبلیو بی) ایکوئل اوپرچیونٹی کمیشن، کنسٹیٹیوشن اینڈ مین لینڈ افیئرز بیورو، سول سروس ٹریننگ اور ڈویلپمنٹ انسٹیٹیوٹ اور متعلقہ غیر-حکومتی اداروں کے ساتھ مل کر کام کرنا جاری رکھے گا تاکہ فرنٹ لائن عملے کو تربیت فراہم کی جا سکے۔

عملے کا فیڈبیک اس نقطہء نظر سے حاصل کیا جائے گا تاکہ تشہیری میٹریلز کے مواد کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔	● مستقبل کے کام کا جائزہ

D. استفسارات

برائے استفسارات، براہ مہربانی رابطہ کریں –

ٹیلیفون نمبر	:	3509 8801
فیکس نمبر	:	2523 5327
ای میل	:	wbenq@devb.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	15/F, West Wing, Central Government Offices, 2 Tim Mei Avenue, Tamar, Hong Kong

ڈویلپمنٹ بیورو (ورکس برانچ)

جون 2026